© rasailojaraid.com

# اخبار و افکار

وقائع نگار ــــــــــــــــــــــــــ

۲۲ مارچ کی صبح مغربی جرمنی کے ایک ممتاز اسکالر ڈاکٹر برنڈ مانوئل وائشر (BERND MANUEL WEISCHER) نے ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کو اپنی تشریف آوری سے عزت بخشی۔ "اسلامی تصوف" کے موضوع پر ان کے لکچر کا پروگرام تھا۔ ادارے کی ساعت گاہ میں جنابِ ڈائرکٹر نے ان کا خیر مقدم کیا۔ ۱۱ بجے ڈائرکٹر کی صدارت میں جلسے کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ ڈائرکٹر نے رفقائے کار سے مہمان اسکالر کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا:

ڈاکٹر وائشر تھیالوجی اور اسلامک اسٹڈیز کے پی ایچ ڈی ہیں۔ آج کل کیسا بلانکا (دارالبیضاء مراکش) میں غیر ملکیوں کو عربی زبان کی تعلیم دیتے ہیں۔ عربی کے علاوہ مشرق و مغرب کی متعدد اہم زبانیں جانتے ہیں۔ حبشی زبان کے بھی ماہر ہیں۔ تصوف ان کا خاص مضمون ہے۔ دنیا کے مختلف مذاہب میں تصوف کے تقابلی مطالعہ سے انھیں گہری دلچسپی ہے۔ اس موضوع پر اُنھوں نے بہت سے مضامین اور مقالے لکھے ہیں۔

ڈاکٹر وائشر کی تقریر کے موضوع کا ذکر کرتے ہوئے جناب ڈائرکٹر نے فرمایا کہ اسلام میں تصوف کی بنیاد تین عناصر پر ہے۔ انسان کی حقیقت، خدا کی حقیقت اور روحانی اقدار۔ انہی روحانی اقدار کی وساطت سے انسان ذاتِ خداوندی کی معرفت حاصل کرتا ہے۔ اور یہی اقدار انسان کو اس قابل بناتی ہیں کہ وہ "احسن تقویم" کے لقب کا مستحق قرار پاتا ہے اور اسمائے حُسنیٰ کی برکات کا مظہر بن کر صفاتِ باری تعالیٰ کے عملی مظاہرے کی سعی کرتا ہے۔ شارع علیہ السلام کا حکم ہے: تخلقوا باخلاق اللہ، اپنے کردار میں اللہ تعالیٰ کے اوصافِ حمیدہ جیسے اخلاق پیدا کرو۔

جناب ڈائرکٹر کی تعارفی تقریر کے بعد ڈاکٹر وائشر نے اپنا مقالہ پڑھا۔ مقالہ سن کر اندازہ ہوا کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈاکٹر دانشر مضمون سے پوری طرح باخبر ہیں۔ ان کا مطالعہ وسیع ہے۔ اسلامی تصوف کے اصل مصا
کی نظر میں ہیں۔ مسلم صوفیاء، مسلم فلاسفہ اور ان کی تصانیف کے حوالے گفتگو کے دَوران بار بار
رہے۔ مقالے کے بعد سوالات کا سلسلہ شروع ہُوا، اور یہ نشست ایک علمی مذاکرہ میں تبدیل
تبادلہ خیال کا یہ سلسلہ تقریباً ایک گھنٹہ جاری رہا۔ ڈاکٹر دانشر نے اپنے لکچر میں موضوع کے مختلف
پہلوؤں کا ایک سرسری جائزہ پیش کیا۔ بعض پہلو جو ان کے لکچر میں جگہ پانے سے رہ گئے وہ حاضر
سوالات سے اُبھر کر سامنے آئے اور باہمی اظہارِ خیال کے دَوران ان کی وضاحت ہوگئی۔

ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر دانشر نے بتایا کہ اسلامی تصوف سے اہلِ مغرب کب اور کیسے ا
ہوئے۔ اس ضمن میں انھوں نے اسلامی علوم کے اہم مراکز کا بھی ذکر کیا۔ اسپین مغرب و مشرق کا
اتصال ہے۔ قرونِ وسطیٰ میں عربی تصانیف کو انگریزی میں منتقل کیا گیا تو اہلِ مغرب کو اسلامی علو
دلچسپی پیدا ہوئی۔ سوالات کے دَوران لفظ تصوف کی لغوی تحقیق اور اس کا ماخذ، تصوف کی ابتداء
ارتقاء بھی زیرِ بحث آئے۔ مشرق و مغرب کے ملاپ سے اسلامی تصوف نے کیا اثر قبول کیا۔ اور ا
تصوف نے دنیا کے افکار پر کیا اثر ڈالا۔ یونانی تصوف، ویدانت، بدھ مت اور مسیحی تصوف نے
اسلامی تصوف کو متاثر کیا۔ یا نہیں۔ یہ تمام مباحث دلچسپی کے ساتھ دُہرائے گئے۔ ایک اہم سوا
بھی زیرِ بحث آیا کہ جس چیز کو اسلامی تصوف کہا جاتا ہے وہ اسلام کے بنیادی مآخذ سے مستند
ہے یا نہیں۔ اس کی سند قرنِ اوّل کے مسلمانوں، بالخصوص صحابہ تابعین اور تبع تابعین کی زند
ملتی ہے یا نہیں۔ یہ بات اتفاق رائے سے تسلیم کی گئی کہ اصطلاح اور جزئیات سے قطعِ نظر ت
کی روح کا سراغ ابتدا ہی سے ملتا ہے۔ تصوف اپنے خالص اور سادہ رنگ میں خود آنحضرت ص
زمانے میں موجود تھا۔ اور بعد کے دَور میں بھی جب کہ تصوف کو باقاعدہ ایک تحریک کی صورت حا
اس روح کو سامنے رکھا گیا۔ ابتدائی عہد کے صوفیوں نے نہ صرف اس روح کو برقرار رکھنے کی کوشش
اُنھوں نے اپنی اصطلاحات بھی قرآن و حدیث سے اخذ کیں۔ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے
نے اپنے اعمال و وظائف مقرر کئے۔ عصری تقاضوں کے تحت اُنھوں نے دین کے بعض ان پہلو
زیادہ زور دیا جن کا تعلق تصفیہ باطن اور تطہیر قلب سے ہے لیکن قرآن و سنت کی واضح تعل
سے اُنھوں نے سرِمو انحراف نہیں کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وفقہ سوالات میں مغربی ممالک کی اس سیمابی تحریک کا ذکر چھڑ گیا جس کو عرفِ عام میں ہپی ازم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ دریافت کیا گیا کہ اس تحریک کے فروغ کا سبب کیا ہے۔ موضوعِ زیرِ بحث کی مناسبت سے یہ ایک اہم اور دلچسپ سوال تھا۔ یہ تحریک مشرق کے ان سادہ لوح لوگوں کے لئے عبرت کا تازیانہ ہے جو مغربی تہذیب کے زرق برق جلوؤں پر فریفتہ ہیں۔ تصوف تزکیۂ نفس کے راستے روحانیت کی ترقی کا دوسرا نام ہے جو مادّیت کے غلبہ و تسلط کو روکنے کے لئے ضروری ہے۔ دنیا کے وہ معاشرے جو مذہب کو خیرباد کہہ کر مادی عیش و عشرت کو زندگی کا منتہائے مقصود قرار دے لیتے ہیں۔ وہ زود یا بدیر امن و سکون کی اس دولت سے محروم ہو جاتے ہیں جن کے بغیر زندگی کی حقیقی لذت کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ ڈاکٹر دانشر نے مغرب کی اس حرماں نصیبی کا بڑی فراخدلی سے اعتراف کیا۔ انھوں نے بے لاگ اظہار رائے کرتے ہوئے بتایا کہ مغربی ممالک میں ہپی ازم نے اس لئے جنم لیا ہے کہ وہاں کی زندگی روحانیت اور اخلاقی اقدار سے یکسر بے بہرہ ہو چکی ہے۔

مغرب میں مادہ کی بے رحم جبریت نے انسانی روح کو کچل کر رکھ دیا ہے۔ انسان اس کی ظاہری آب و تاب میں کھو کر چند روز کے لئے تو اپنا جی بہلا لیتا ہے مگر پائیدار آسودگی کے لئے اس کا وجود ہمیشہ ترستا رہتا ہے۔ ہپی ازم دراصل مادہ پرستی سے فرار کی ایک ایسی راہ ہے جو آوارگی اور دیوانہ پن کی طرف لے جاتی ہے۔ حقیقت میں یہ ایک بیماری سے دوسری بیماری کی طرف سفر ہے۔ مذہبی روحانیت کے ترک سے مغربی معاشرت میں جو خلاء پیدا ہوا ہے اس کو ہپی ازم کے ذریعہ پُر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ مگر اس کوشش کا نتیجہ انسانیت کے لئے کس حد تک مثبت اور صحت مند اثرات کا حامل ہے وہ ہپیوں کے طرزِ بود و ماند سے ظاہر ہے۔ ہپیوں کے وحشت بداماں طائفے دیس دیس پھر کر اپنی محرومی و تشنہ کامی کا خود اعلان کرتے ہیں۔ اور زبانِ حال سے دنیا کو مادہ پرستانہ زندگی سے سبق لینے کی دعوت دیتے ہیں۔

---

کابل یونیورسٹی کے دو فاضل اساتذہ پر مشتمل ایک وفد ان دنوں پاکستان آیا ہوا ہے۔ اس وفد کے ارکان جناب برہان الدین اور غلام بہلول فہام فیکلٹی آف تھیالوجی کے لکچرار ہیں اور ان کے سفر پاکستان کا مقصد یہاں اسلامی علوم کے سلسلے میں تحقیقاتی کاموں کا جائزہ لینا ہے۔ حکومتِ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



افغانستان کابل یونیورسٹی میں معارفِ اسلامیہ کی تحقیقات کا ایک علیحدہ شعبہ قائم کرنا چاہتہ وفد پاکستانی اداروں کی کارگزاریوں کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اپنے ملک کے لئے منصو کرے گا۔

گزشتہ دنوں وفد کے معزز ارکان ادارہ تحقیقاتِ اسلامی بھی تشریف لائے۔ انفرادی اجتماعی طور پر انھوں نے ارکان ادارہ سے متعدد ملاقاتیں کیں اور دلچسپی کے خاص مسائل پر خیال کیا۔ ادارہ تحقیقاتِ اسلامی نے اسلامی علوم وفنون کے متعلق اب تک جو کچھ کام کیا آئندہ جو کچھ اس کے پیشِ نظر ہے، اس کے متعلق وفد نے تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ ادار حسنِ انتظام، تحقیقی ماحول اور علمی فضا کو دیکھ کر معزز مہمان بہت متاثر ہوئے اور مفید مطا خاص طور سے نوٹ کیں۔

اتفاقی ملاقاتوں کے علاوہ ایک دن باقاعدہ میٹنگ بھی ہوئی جس میں ڈاکٹر کرامراور دیگر ارکا شریک ہوئے۔ مختلف متعلقہ موضوعات پر گفتگو ہوتی رہی۔ فارسی اور انگریزی کی ملی جلی فضا دو گھنٹے تک تبادلہ خیال کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ دونوں طرف سے محبت و یگانگت اور اخوت و چارہ کے مظاہرے ہوئے، پاکستان اور افغانستان اسلامی وحدت کے رشتے میں منسلک ہ خیالات کی ہم آہنگی کے علاوہ فارسی زبان سے اہلِ پاکستان کی دلچسپی نے اجنبیت کے پر اٹھا دیئے۔

۲۰ر اپریل کو سفیرِ افغانستان ڈاکٹر علی احمد پوپل نے وفد کے اعزاز میں ایک عشائیہ دیا جس تحقیقاتِ اسلامی کے تمام ارکان کو بھی مدعو کیا گیا۔ انواع واقسام کے افغانی اور پاکستا سے لذتِ کام ودہن کا سامان کیا گیا تھا۔ لیکن اس سے زیادہ پُرلطف گفتگوؤں کے وہ جو عملہ سفارت اور ارکانِ ادارہ کے درمیان کئی گھنٹے تک جاری رہے۔

---

© rasailojaraid.com